نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب کے زیر اہتمام تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ میں دھان اور سبزیات کی باقیات کو زرعی زہروں سے پاک رکھنے کے لیے آگاہی سیمینار کا انعقاد

ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ٹاسک فورس پنجاب محمد شبیر احمد خان کی بطور مہمان خصوصی شرکت۔

محکمہ زراعت پنجاب دھان کی کو زرعی زہروں سے پاک رکھنے کے لیے عملی اقدامات اٹھا رہا ہے۔ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ٹاسک فورس پنجاب محمد شبیر احمد خان

لاہور: 23 مئی 2024: دھان ہماری اہم نقد آور فصل ہے جس کو برآمد کر کے پاکستان قریباً 4 ارب ڈالر سالانہ زرمبادلہ کما رہا ہے۔دھان اور سبزیات کی باقیات زرعی زہروں سے پاک رکھنے کے لیے محکمہ زراعت 31 کروڑ 77 لاکھ روپے سے زائد کثیر لاگت سے ایک جامع منصوبے پر عمل درآمد کر رہا ہے۔ان خیالات کا اظہار ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ٹاسک فورس پنجاب محمد شبیر احمد خان نے تحصیل پسرور ضلع سیال کوٹ میں محکمہ زراعت کے زیر اہتمام کاشتکاروں کی آگاہی کیلئے منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ اس منصوبے کا مقصد کاشتکاروں کو دھان کی باقیات پر زرعی زہروں کے مضر اثرات سے آگاہی فراہم کرنا ہے تا کہ کاشکار آئی پی ایم کے جدید طریقوں پر عمل پیرا ہو کر دھان اور سبزیات کی باقیات کو زرعی زہروں سے پاک رکھ سکیں جس سے بین الاقوامی سطح پر ان زرعی اجناس کی برآمدات میں اضافہ ممکن ہو سکے گا۔اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل زراعت پیسٹ وارننگ اینڈ کوالٹی کنٹرول آف پیسٹی سائیڈ پنجاب ڈاکٹر عامر رسول نے کہا کہ اس منصوبے کے تحت سالانہ 25 ہزار کاشت کاروں اور توسیعی کارکنان کی کپیسٹی بلڈنگ کی جا رہی ہے اور انہیں دھان کو زرعی زہروں کے اثرات سے پاک رکھنے کے طریقہ کار بتائے جا رہے ہیں۔اس منصوبے کے تحت انہیں آئی پی ایم کے کے جدید طریقوں کے متعلق معلومات بھی فراہم کی جا رہی ہے تا کہ دھان اور سبزیات پر زہروں کا چھڑکاؤ کم سے کم کیا جائے۔سیمینار میں رائس ایکسپورٹ پاکستان کے نمائندگان، کاشتکاروں کی کثیر تعداد اور محکمہ زراعت کے اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔

☆☆☆☆